
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



## ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچے کتاب کھولیں اور خاموشی سے کتاب پڑھیں۔ ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کون اس کتاب کو باآواز بلند پڑھنا چاہے گا۔ شاید کئی بچے پڑھنے کی خواہش ظاہر کریں۔ ٹیچر ان میں سے کسی ایک کو بلائیں اور باقی بچوں سے کہیں کہ سب کو باری باری پڑھنے کا موقع ملے گا۔ایک بچہ باآواز بلند کتاب پڑھے۔ بچے کو اگر پڑھنے میں کوئی مشکل ہوتو ٹیچر اس کی مدد اور حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کے نائلہ کیسی لڑکی ہے: بلکل ہم جیسی ہے اور ہم جیسی نہیں بھی ہے۔ جب ہم کھڑے ہوکر dance کرتے ہیں تو وہ wheel chair پر کرتی ہے۔ لیکن کیوں کرتی ہے بچے مختلف جوابات دینگے۔ پھر یہ بات سامنے آئے گی کہ مزاج میں سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت میں خوشی اورغم میں اور زندگی میں آگے بڑھنے کی خواہش میں نائلہ بلکل ہماری طرح ہے فرق صرف اتنا ہے کہ وہ چل نہیں سکتی کیونکہ وہ بچپن میں بیمار ہوگئی تھی۔ یہ ایک بہت ہی معمولی فرق ہے اس لئے اس میں اور باقی سب بچوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اس نے O level کیا ہے اور A level بھی کیا ہے اور اب نائلہ ایک اچھے اسکول میں assistant librarian کی حیثیت سے کام کر رہی ہے اصلی چیز زندگی کے بارے میں مثبت رویہ ہے۔

- پھر بچوں سے پوچھیں کہ وہ کسی ایسے بچے یا بچی کو جانتے ہیں جو کسی بھی طرح (special) معذور بچہ ہے بچوں کو اپنے کسی معذور بھائی بہن یا رشتہ دار کے بارے میں بات کرنے کا موقع دیں اس طرح ان میں (special) بچوں کے لیے احساس ذمہ داری اور محبت پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ سمجھ آتی ہے کہ ان میں اور ہم میں کوئی فرق نہیں ہے۔

15 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ ہم نائلہ کی خوبیوں کی ایک لسٹ بنائینگے۔ ٹیچر یہ الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں بچے اسے اپنی کاپیوں میں اتاریں مثلاً: وہ ہنستی ہے، شرارت کرتی ہے۔ اگر وقت ہوتو بچوں سے ان الفاظ / جملوں کا انگریزی ترجمہ کروائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ ایک مضمون لکھیں جس کا عنوان ہے۔ ''ایک معذور بچہ'' ۔ بچوں سے کہیں کہ وہ خود سوچ کر ایک ایسے بچے پر مضمون لکھیں جو wheel chair پر چلتا ہے، آنکھوں سے معذور ہے یا سُن نہیں سکتا اس بچے کو گھر میں اور اسکول میں کن کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

25 منٹ
- بچوں سے بات چیت کے بعد مضمون لکھنے کو کہیں۔

5 منٹ
- بچے جب یہ مضمون لکھ لیں تو ٹیچر ان میں سے کچھ بچوں سے کہیں کے وہ کلاس میں اپنا لکھا ہوا مضمون سنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- آج کا لکھا ہوا مضمون ''ایک معذور بچہ'' اپنے گھر پر اپنے والدین یا کسی بڑے کو دکھا کر اس کی اصلاح کروائیں اور اگلے دن ٹیچر کو لاکر دکھائیں۔

# سیشن 3

35 منٹ
- آج ٹیچر کتاب میں سے یا کتاب کے علاوہ تقریباً 15 الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان الفاظ سے جملے بنائیں جب یہ کام ختم ہوجائے تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اگلے صفحے پر بورڈ پر لکھے سارے الفاظ دوبارہ لکھیں۔ اس کے سامنے اسکی انگریزی ترجمعہ لکھیں اور پھر انگریزی کے جملے بنائیں۔

10منٹ • اگر وقت بچ جائے تو آج بچوں سے باری باری کتاب کی باآواز بلند پڑھائی کروائیں جن بچوں کو پڑھنے میں دقت ہو ان کی حوصلہ افزائی کریں اور پڑھنے میں مدد کریں اتنے کم وقت میں یقیناً سارے بچے پڑھائی نہیں کر پائیں گے، کچھ بچے اس سیشن میں پڑھائی کریں گے باقی اگلے سیشن میں۔

**ٹیچر کیلئے نوٹ**

اگلے سیشن میں art work کروایا جائے گا لہذا ٹیچر پہلے سے clip board، رنگین پینسلوں کے ڈبے یا (crayon کے ڈبے) ہر بچے کے لئے الگ الگ سفید کاغذ، رسی ، clip وغیرہ کا انتظام کرلیں۔

# سیشن 4

45 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اسکول کا ایک منظر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں اپنی ڈرائنگ کے بارے میں چار لائنیں لکھیں ڈرائنگ پر اپنا نام ، کلاس اور تاریخ نیچے لکھیں پھر بنائی ہوئی تصویروں کو رسی پر ٹانگ دیں ۔

- اگر وقت بچ جائے تو بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کس کی بنائی ہوئی ڈرائنگ زیادہ پسند ہے اور کیوں۔ پھر بچوں کو انکی بنائی ہوئی تصویریں واپس کردیں اور تاکید کریں کہ وہ اسے حفاظت سے گھر لے جائیں۔ اپنے امّی ، ابّو اور بھائی بہنوں کو دکھائیں پھر حفاظت سے ایک فائل میں رکھیں۔

# سیشن 5

15 منٹ
- بچوں سے پہلے بات چیت کریں کہ جو لوگ معذور ہوتے ہیں ان کو کس قسم کی پریشانی سے دوچار ہونا پڑھتا ہے زیادہ سے زیادہ بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔

30 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں۔ ایک مضمون لکھیں جس کا عنوان ہوگا۔ اگر میں شہر کا ناظم ہوتا / ناظمہ ہوتی۔ لکھیں کہ وہ اگر ناظم یا ناظمہ ہوتے تو کیا کرتے مثلاً: قانوناً ہر بلڈنگ میں ریمپ ہوتا، بسوں پر چڑھنے کا خاص انتظام ہوتا، شاپنگ مال میں wheel chair کا بندوبست ہوتا، سفید چھڑی کے بارے میں لوگوں کو علم ہوتا اور معذور بچوں کے لئے ہر اسکول اور کالج میں داخلہ کا بندوبست ہوتا۔

# نائلہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale